
# 14 روپے اور پیسے












* کاغذ کی ایک شیٹ لیجیے اور اس کو بیچ سے موڑیں اور کھول لیں۔
* دونوں کونوں 'A' اور 'B' کو اس طرح موڑیں کہ وہ نقطوں والے خط پر ملیں۔
* اب کاغذ کی شیٹ کچھ اس طرح دکھائی دے گی۔
* کاغذ کی شیٹ کے اوپری حصّے کو پیچھے کی طرف موڑیں تاکہ شیٹ کا پچھلا حصّہ کچھ ایسا دکھائی دے اور آگے کا حصّہ کچھ ایسا دکھائی دے۔





* کاغذ کی شیٹ کے آگے والے حصّے کو اوپر رکھئے اور AB اور DC والے کنارے کو اس طرح موڑیں کہ وہ نقطوں والی خط پر مل سکیں۔




اب یہ کچھ ایسا نظر آئے گا۔

© NCERT not to be republished

* اوپری حصّہ کو نقطوں والے خط کے برابر موڑیں جس سے یہ کچھ اس طرح کا دکھائی دے۔



* پیچھے کے فلیپ کو نیچے موڑیں۔ اب پیسے رکھنے کے لیے بٹوا تیار ہو گیا۔





## اپنا بٹوا اپنے پیسے

- الگ الگ سکّوں کو اکٹھا کیجیے۔
- ایک سکّے کو کسی ٹھیک سی جگہ پر رکھئے اور اس پر ایک پتلا کاغذ رکھئے۔
- ایک ہاتھ سے کاغذ کو کھینچ کر (تان کر) پکڑیئے۔
- پنسل کی نوک کو کاغذ کے اوپر کے حصّے پر گھسیے۔
- دھیرے دھیرے سکّے کی چھاپ کاغذ پر اُبھر آئے گی۔
- چھپے ہوئے کاغذ کے سکّے کو کاٹ کر باہر نکالیے اور اپنے بٹوے پر رکھئے۔





© NCERT not to be republished

اب کاغذ کو کاٹ کر کچھ نوٹ بنایئے اور ہر نوٹ پر اس کی قیمت لکھئے۔



## پیسے کا کھیل

★ نوٹوں اور سکّوں کا استعمال کرتے ہوئے نیچے دی گئی رقم دکھاؤ (اپنے بنائے گئے
(کچھ پیسے تم اپنے بنائے ہوئے بٹوے میں بھی رکھ سکتے ہو)



– چھبیس روپے

– 4روپے 75پیسے

– 78روپے

– 130روپے

– 8روپے 75پیسے

– 53روپے





ہر تصویر میں نوٹوں اور سکّوں سے دکھائی گئی رقم کو لکھئے۔



ایک سو ایک روپے

© NCERT not to be republished









© NCERT
not to be republished

# ہم بازار جائیں گے




یہاں چلیں، اس اسٹور میں اپنے آپ ہی سامان اٹھا کر خریدنا ہے۔

A. بغیر پنسل اور کاغذ کا استعمال کیے ہوئے قیمت کا پتہ لگاؤ:

- ایک گیند اور ایک کھلونہ گاڑی ــــــ روپے
- ایک کاپی اور دو پینسلیں ــــــ روپے
- دو کیلے اور ایک گلاس دودھ ــــــ روپے
- ایک گڑیا اور ایک گیند ــــــ روپے
- ایک گلاس نیبو پانی اور ایک بسکٹ ــــــ روپے

© NCERT not to be republished

B. کل قیمت کا پتہ لگائیے:

* ایک کھلونہ زراف، ایک کاپی اور ایک گلاس نیبو پانی ـــــ روپے
* ایک گلاس دودھ، ایک پیکٹ بسکٹ اور ایک کیلا ـــــ روپے
* ایک کاپی، دو پینسل اور دو ربر ـــــ روپے
* دو لڈو، تین ٹافیاں اور دو کیلے ـــــ روپے

C. اگر آپ کے پاس 20 روپے کا نوٹ ہے تو آپ کیا کیا خرید سکتے ہیں۔

* کھلونہ گاڑی، 1 گلاس نیبو پانی، 1 کیلا
* ـــــ، ـــــ،
* ـــــ، ـــــ،
* ـــــ، ـــــ،
* ـــــ، ـــــ،

رسید

سیلف سروس اسٹور

| سامان | درفی سامان | روپے | پیسے |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | کل | | |




D. آپ نے جن چیزوں کو خریدا اُن کی ایک رسید بنانی ہے۔

اس سے پہلے کہ ہم اس کو جوڑیں اس کا اندازہ لگاؤ کہ آپ کو کتنے پیسوں کی ضرورت ہوگی۔ اس کے بعد معلوم کیجئے کہ کل کتنے پیسے ہوئے اور دیکھئے آپ کو کتنے پیسوں کی ضرورت ہوگی۔ اس کے بعد معلوم کیجئے کہ کل کتنے پیسے ہوئے اور دیکھئے کہ آپ کا اندازہ کتنا صحیح تھا۔



© NCERT not to be republished

مونو نے نیچے دی گئیں رسیدیں تیار کیں۔ ان رسیدوں کی جانچ کیجیے اور اگر ان میں آپ کو کوئی غلطی دکھائی دے تو اس کو ٹھیک کیجیے۔

**رسید**
**سیلف سروس اسٹور**

| سامان | درفی سامان | پیسے | روپے |
|---|---|---|---|
| 1 گیند | 7 | 00 | 7 |
| 3 پینسلیں | 2.50 | 50 | 7 |
| 5 ٹافیاں | .50 | 50 | 2 |
| | کل | 00 | 17 |

**رسید**
**سیلف سروس اسٹور**

| سامان | درفی سامان | پیسے | روپے |
|---|---|---|---|
| 1 کھلونہ گاڑی | | 00 | I5 |
| 3 گلاس دودھ | 3.50 | 00 | 10 |
| 4 کاپیاں | | | 20 |
| | کل | 00 | 45 |

**رسید**
**سیلف سروس اسٹور**

| سامان | درفی سامان | پیسے | روپے |
|---|---|---|---|
| 1 کھلونہ گاڑی | 6.50 | 50 | 6 |
| 3 پینسلیں | 2.50 | 50 | 7 |
| 7 ٹافیاں | 0.50 | 50 | 3 |
| 1 بسکٹ | 4.50 | 50 | 4 |
| | کل | 00 | 22 |

* انھیں جوڑیے:

a) 12.50 روپے
+ 13.00 روپے

b) 55.50 روپے
+ 14.00 روپے

c) 30.00 روپے
+ 31.50 روپے

* انھیں گھٹائیے:

a) 25.50 روپے
– 11.50 روپے

b) 103.50 روپے
– 62.00 روپے

c) 14.40 روپے
– 7.00 روپے

E. آپ کے پاس 30 روپے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ ذیل سامان کو خریدتے ہو تو آپ کے پاس کتنے پیسے بچیں گے؟



* ایک گیند، ایک گڑیا اور ایک کھلونہ زراف
کل قیمت ——— پیسے بچے ———

* دو کیلے، ایک پیکٹ بسکٹ اور دو گلاس نیبو پانی
کل قیمت ——— پیسے بچے ———

© NCERT not to be republished

❋ تین کاپیاں، دو پینسل اور دو ربر

کل قیمتیں ـــــــ پیسے بچے ـــــــ



## مشق کا وقت



A. تین دوست مل کر کرکٹ کا ایک بلّا اور گیند خریدنا چاہتے ہیں۔
بینا کے پاس 48.50 روپے، رمن کے پاس 55.50 روپے اور وینو کے پاس 38.50 روپے ہیں۔ کل ملا کر ان کے پاس کتنے روپے ہیں؟




B. ہری نے 62.50 روپے کا ریل کا ٹکٹ لیا۔ اس نے 100 روپے کا نوٹ دیا۔ اس کو ٹکٹ کے ساتھ کتنے روپے واپس ملیں گے۔

C. گیتا اپنے دوستوں کے ساتھ بازار گئی۔ اس نے 58 روپے، 37 روپے اور 22 روپے کا سامان خریدا۔ گیتا کے پاس 100 روپے کا نوٹ ہے۔ اس کو بل ادا کرنے کے لیے اپنے دوستوں سے اور کتنے پیسے لینے ہوں گے؟

© NCERT not to be republished



## ممبئی خبر نامہ
## کارخانہ سے بچوں کو چھڑایا



ایک چوڑی بنانے والے کارخانہ کے کام کرنے والے 10 چھوٹے بچوں کو آج چھڑایا گیا۔ اخبار کے رپورٹر اور پولیس نے ان کا وہاں برا حال دیکھا۔ کارخانہ میں بچوں سے کافی مشکل کام کروائے جاتے تھے۔ انھیں ایک دن میں صرف 20 روپے ملتے تھے۔

بچے اپنے گاؤں کے گھر میں واپس جاکر بہت خوش ہوئے۔ وہ ایک خاص اسکول میں جائیں گے تاکہ وہ اپنی عمر کے دوسرے بچوں کی طرح پڑھنا لکھنا سیکھیں۔ بچوں سے اس طرح کام کروا کر کارخانے کا مالک اپنا پیسہ بچا رہا تھا۔ اب پولیس اپنا کام کرے گی۔

چلیے دیکھتے ہیں کہ کارخانے کے مالک نے کتنا پیسہ بچانے کی کوشش کی

بڑے آدمی کو کام کے لیے ملنے چاہیں = 85 روپے روز

بچے کو دیے گئے = 20 روپے روز

ایک آدمی پر کارخانے والے نے بچائے

65 روپے × 10 = ــــــ روپے روز

### معلوم کیجیے

آپ کے علاقے میں کیا ایسی دوکانیں اور کارخانے ہیں جہاں چھوٹے بچے سے کام کروایا جاتا ہے؟


ان میں سے کچھ بچوں سے بات کیجیے؟

انھیں وہاں کتنے پیسے ملتے ہیں؟

ضروری نہیں ہے کہ پیسے کی سمجھ صرف خریدنے اور بیچنے کو ہی لے کر ہو۔ ٹیچر اس سے جڑے ہوئے مدّوں پر بچوں کے اپنے تجزیات کے بارے میں بات کر سکتے ہیں جیسے مزدوری اور کام وغیرہ۔



© NCERT not to be republished




## ریل کا سفر

یہ ریل نیوجلپائی گڑی سے گوہاٹی تک جاتی ہے۔

راستے میں یہ نیامال، علی پوردوار اور گول پورا اسٹیشنوں پر رکتی ہے۔

الگ الگ اسٹیشنوں کے لیے ریل کے ٹکٹ کی قیمتیں نیچے جدول میں دکھائی گئیں ہیں۔

| نیوجلپائی گڑی سے دوری (کلومیٹر میں) | اسٹیشن | کرایہ (روپے میں) |
|---|---|---|
| 57 | نیومال | 12.50 |
| 175 | علی پوردوار | 28.00 |
| 366 | گول پورا | 49.50 |
| 495 | گوہاٹی | 62.50 |

© NCERT not to be republished

## دوری معلوم کیجیے:

A. نیو مال سے گوہاٹی تک ——

B. نیو مال سے گول پورا کے بیچ ——

C. علی پوردوار سے گوہاٹی تک ——

D. نیو مال سے علی پوردوار کے بیچ ——

E. گول پورا سے گوہاٹی تک ——

## ٹکٹ کی قیمت معلوم کیجیے:

A. بھوپین کو نیوجلپائی گڑی سے علی پوردوار جانا ہے۔ اس کا ٹکٹ کتنے کا ہوگا؟

B. اندرا کو نیوجلپائی گڑی سے گول پورا جانا ہے۔ اس کے ٹکٹ کے لیے کتنے پیسے دینے ہوں گے؟

C. دیبو، سیما اور گووبند نیوجلپائی گڑی سے نیو مال تک جا رہے ہیں۔ تین ٹکٹوں کے لیے انھیں کتنے پیسے دینے ہوں گے؟ انھوں نے پچاس روپے کا نوٹ دیا۔ انھیں کتنا پیسہ واپس ملے گا۔


ارے واہ! ہمیں ہماری ریل کے ٹکٹ مل گئے۔




© NCERT not to be republished

# قینچی کرے کام


5 ٹکڑوں والا ٹنگرام (صفحہ 66)






7 ٹکڑوں والا ٹنگرام (صفحہ 67)




ان ٹائلوں کو کاٹ کر نکالئے اور کارڈ پر چپکائیے۔ ہر قسم کی ٹائل کی چھاپ لے کر بہت ساری ٹائلیں بنائیے۔ اور ان سے فرش کو ڈھکیے۔ انھیں فرش پر بچھائیے۔










انھیں کاٹ کر نکالئے اور روپے پیسے کے کھیل میں استعمال کیجئے۔ انھیں کاٹ کر رکھ لیجئے۔ روپے پیسے کے کھیل میں یہ کام آئیں گے۔

© NCERT not to be republished



وسندھرا اروڑا، کلاس 1،
نئی دہلی



مان سنگھ ویام، کلاس 3 بھوپال، (ایم۔ پی۔)



شیو رنجنی پوری، کلاس 3، نئی دہلی

© NCERT
not to be republished